اللہ تعالیٰ کے بیشمار فضلوں کا مشاہدہ کرانے، عبادات اور دعاؤں کے ماحول میں تین دن جاری رہنے کے بعد

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعتِ احمدیہ کا ۸۹واں جلسہ سالانہ بخیر و خوبی اختتام پذیر ہو گیا

حضور انور ایدہ اللہ نے تینوں دن احباب کرام کو اپنے روح پرور خطابات سے نوازا

دو لاکھ سے زائد احباب و خواتین نے ملک کے کونے کونے اور بیرونی ممالک سے شرکت کی

دفتر جلسہ سالانہ نے نہایت احسن طور پر احباب کے قیام و طعام کا انتظام کیا!

ربوہ - ۲۸ فتح / دسمبر - اللہ تعالیٰ کے حضور تین روز تک متضرعانہ دعائیں کرتے عبادتیں بجالاتے اور اللہ تعالیٰ کے بے شمار نشانوں کا مشاہدہ کرتے ... محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جماعت احمدیہ کا ۸۹ واں جلسہ سالانہ آج شام سوا چار بجے بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوا۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ۔

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آج جلسہ سالانہ کے آخری روز آخری اجلاس سے خطاب فرمایا۔ اس کے بعد پُر سوز اور پُر درد دعاؤں کے ساتھ اگلے سال اس سے بھی بڑھ کر کامیابی و کامرانی سے منعقد ہونے کے لئے جلسہ سالانہ کا اختتام عمل میں آیا۔

جماعت احمدیہ کے نواسی ویں جلسہ سالانہ میں افسر جلسہ گاہ اور ناظر صاحب اصلاح و ارشاد محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب اور دفتر جلسہ سالانہ کی طرف سے فراہم کردہ اعداد و شمار کے مطابق اس جلسہ سالانہ میں کل حاضری اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دو لاکھ نفوس سے متجاوز تھی۔ اس موقعہ پر یہ بات دلوں میں ایمان کی نئی لہر دوڑا دیتی ہے کہ آج سے ۸۹ سال قبل جب پہلا جلسہ سالانہ سیدنا حضرت اقدس نے قادیان میں منعقد فرمایا تو اس میں صرف ۷۵ افراد شامل ہوئے تھے۔ موجودہ جلسہ سالانہ میں پاکستان کے شہروں قصبوں دیہاتوں اور دور دراز کے علاقوں سے آئے ہوئے احباب کے علاوہ ممالک غیر سے بھی متعدد وفود جلسہ سالانہ میں شامل ہوئے۔ ان میں انڈونیشیا، ملائیشیا، سنگاپور برطانیہ، جرمنی دیگر ممالک یورپ نیز امریکہ، کینیڈا ماریشس اور افریقہ کے متعدد ممالک سے احمدی جماعتوں کے وفود شامل ہوئے۔ جن کی رہائش اور طعام کا خصوصی انتظام جماعت احمدیہ کے مرکز میں واقع نصف درجن گیسٹ ہاؤسوں میں کیا گیا تھا۔

جلسہ سالانہ کے تینوں روز ربوہ کی سڑکوں گلیوں اور محلوں میں احباب و کرام کی زبردست تعداد ایمانوں میں تازگی پیدا کرنے کا موجب بنتی رہی۔ کاروں بسوں، موٹر سائیکلوں، ٹرکوں، ٹریکٹروں ٹرالیوں کی نہ ختم ہونے والی قطاریں سڑکوں پر رواں دواں رہتی تھیں۔ اس سال بھی ٹریفک کو سنبھالنے کے لئے خدمتِ خلق کے مستعد رضاکار چوبیس گھنٹے ڈیوٹی پر تھے۔ سڑک کے ایک طرف مرد چلتے تھے اور دوسری طرف عورتیں ہوتی تھیں اس طرح سے قرآنی تعلیم پر مبنی ایک مثالی معاشرہ کا نظارہ دیکھنے میں آیا۔ ٹریفک کی کثرت کی وجہ سے گولبازار کے علاقے اور ایوانِ محمود کی سمت جانے والی سڑک پر ٹریفک نہ ٹریفک کا نظام رائج کیا گیا تھا۔ سڑکوں پر ازدحام کی وجہ سے شدید دھول اور مٹی اڑنے کا خدشہ تھا۔ لیکن دفتر جلسہ سالانہ کی نظامت آبپاشی کے تحت پانی کے ٹینکروں کے ذریعے سڑکوں پر کثرت سے پانی کا چھڑکاؤ کیا گیا تھا جس کی وجہ سے دھول اور مٹی سے بہت حد تک بچت ہو گئی تاہم مخلوقِ خدا کے بے پناہ رش کی وجہ سے کسی قدر دھول کا اڑنا یقینی تھا لیکن جماعت احمدیہ کے مخلصین نے ایک لمحہ کے لئے بھی اس دھول کو اپنے آقا سے ملنے میں رکاوٹ نہ جانا اور دیوانہ وار جلسہ گاہ کی طرف رواں دواں رہے تاکہ اپنے آقا کے زندگی بخش کلمات سے اپنی روحوں میں ایمان کی نئی حرارت محسوس کریں اور اپنی زندگیوں کو قرآنی تعلیمات کے سانچے میں ڈھالنے کے عزم کی تجدید کریں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے کمالِ شفقت سے اپنے خدام کو تین روح پرور اور بصیرت افروز خطابات سے نوازا۔ یہ تینوں خطابات مردانہ جلسہ گاہ سے خواتین کے جلسے میں ساتھ کے ساتھ ریلے کئے جاتے رہے۔ اس کے علاوہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے خواتین کے جلسہ گاہ میں بنفسِ نفیس تشریف لے جاکر خواتین کو علیحدہ طور پر بھی اپنے خطاب سے نوازا اس طرح خواتین نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے چار خطابات سے اپنی روحوں کو شاد کام کیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطابات کے علاوہ بعض بزرگانِ سلسلہ کی تقاریر بھی عورتوں کی جلسہ گاہ میں سنوائی گئیں۔

بیرون ممالک سے آمدہ مہمانوں کیلئے امسال بھی انگریزی اور انڈونیشین زبانوں میں ترجمہ کا بندوبست تھا۔ احمدی انجینئروں کی ذاتی محنت و کاوش سے امسال بیرونی ممالک کے سوا دو سو احباب کو انگریزی اور انڈونیشین میں حضور انور ایدہ اللہ کے خطابات اور دیگر تقاریر کا ساتھ ساتھ ترجمہ سنایا گیا۔

جلسہ سالانہ کی خاص بات عبادات اور ذکر الٰہی کا روح پرور ماحول ہے۔ حضور انور ایدہ تعالیٰ مسجد مبارک میں اور جلسہ گاہ میں تشریف لاکر باجماعت نمازیں پڑھاتے رہے۔ اس کے علاوہ مسجد مبارک میں صبح پانچ بجے باجماعت نماز تہجد کا اہتمام جاری رہا۔ اس کے علاوہ نماز فجر کے بعد علماء سلسلہ کے درس کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ امسال جلسہ سالانہ کے مقررین میں مندرجہ ذیل علماء شامل تھے۔

محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب ناظر اصلاح و ارشاد نے "صفتِ عزیز خدا تعالیٰ کی ہستی کی دلیل ہے" کے موضوع پر، محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب نے "غزوات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خلقِ عظیم" کے موضوع پر، مکرم مولوی عبدالسلام صاحب طاہر مربی سلسلہ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طبعی وفات اور اسکے عالمی اثرات" کے موضوع پر، مکرم مولوی چراغ دین صاحب مربی سلسلہ نے "وہ آیا منتظر تھے جس کے دن رات" کے موضوع پر، مکرم مولوی دوست محمد صاحب شاہد نے "کلام اللہ کا مرتبہ اور حضرت مصلح موعود" کے موضوع پر، مکرم مولوی محمد شفیع صاحب اشرف نے "خلافت حقہ اسلامیہ" کے موضوع، محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تیلیفون: ۴۴۹

ان الفضل یبید من یشاء و یعید من یشاء و عسیٰ ان یبعث ربک مقاما محمودا

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۳۵ / ۶ — جمعرات ۳ ربیع الاول ۱۴۰۲ھ، ۳۱ فتح ۱۳۶۰ ہش، ۳۱ دسمبر ۱۹۸۱ء — نمبر ۳۰

رجسٹرڈ نمبر ایل: ۵۲۵۴ ۔ پبلشر: مسعود احمد ۔ پرنٹر: سید عبدالحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ ۔ قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نے "عصرِ حاضر کے متعلق قرآنی پیشگوئیاں" کے موضوع پر، محترم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے "اصحاب احمدؑ" کے موضوع پر، مکرم مولوی فضل الٰہی صاحب انوری نے "حیاۃ الاخرۃ" کے موضوع پر، مکرم مولوی نسیم سیفی صاحب نے سیرت سیدنا حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے موضوع پر اور مکرم شیخ مجیب الرحمان صاحب ایڈووکیٹ نے "احمدی حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی نگاہ میں" کے موضوع پر تقاریر کیں۔ عورتوں کا جلسہ علیحدہ منعقد ہوا جس میں اُن بعض تقاریر کے علاوہ جو مردانہ جلسہ گاہ سے ریلے کی گئیں، خواتین نے خود بھی تقاریر کیں۔

جلسہ سالانہ پر آئے ہوئے مہمانوں کے قیام وطعام کا انتظام دفتر جلسہ سالانہ نے نہایت احسن طریق پر سرانجام دیا۔ افسر جلسہ سالانہ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب کی زیرِ نگرانی ۳۷ نظامتیں ۲۴ گھنٹے اپنے اپنے کاموں میں مصروف رہیں۔ تقریباً چھ ہزار رضاکار کارکن اپنے واجب الاحترام مہمانوں کی خدمت میں دن رات کوشاں رہے۔ ربوہ کے مختلف محلوں میں موجود چھ لنگر خانے ۲۴ گھنٹے کام کر کے تازہ روٹی اور سالن احباب کرام کو مہیا کرتے رہے۔ ربوہ کے ۲۴ مراکز میں تصدیق پرچی خوراک کے دفاتر قائم تھے جہاں پر احباب کھانے کی تصدیق حاصل کرتے اور پھر لنگر خانوں میں جا کر کھانا حاصل کرتے رہے۔

دن کے وقت صبح نو بجے سے شام چار بجے سے بعد تک جلسہ سالانہ کی تقاریر کے علاوہ مرکز سلسلہ میں شام کے اوقات میں بھی بہت سی تقاریب برپا ہوتی رہیں۔ چنانچہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۱ء کو نظارت اصلاح وارشاد کے تحت شعبہ اجلاس منعقد ہوا جس میں علماء سلسلہ نے مختلف موضوعات پر تقاریر کیں اگلے روز یعنی ۲۷ دسمبر ۱۹۸۱ء کو شعبہ تحریک جدید مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے زیرِ اہتمام مختلف زبانوں کا جلسہ منعقد ہوا جس میں دنیا میں بولی جانے والی زبانوں میں تقاریر کی گئیں اسکے علاوہ جلسہ کے ایام میں ۲۶ دسمبر ۱۹۸۱ء کو احمدی انجینئروں اور آرکیٹیکٹس کی جنرل باڈی اور مجلس عاملہ کا اجلاس ہوا۔ ہر دو اجلاسات کی صدارت محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب نے کی اور احمدی انجینئروں اور آرکیٹیکٹس کو کارآمد نصائح سے نوازا۔ اس دوران ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کا انتخاب بھی عمل میں آیا۔ ۲۷ دسمبر ۱۹۸۱ء کو رات کے وقت احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کے نمائندگان کا اجلاس ہوا۔ اس اجلاس کی صدارت بھی محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب نے کی اور طلباء کو تربیتی نصائح سے نوازا۔ فضل عمر ہسپتال میں احمدی ڈاکٹروں کی ایسوسی ایشن کا بھی اجلاس ہوا جس میں احمدی فزیشنوں، سرجنوں، ڈینٹل سرجنوں اور دیگر ڈاکٹروں نے شرکت کی اس اجلاس میں احمدی ڈاکٹروں کو ان کے فرائض سے آگاہ کیا گیا اور اہم معاملات پر ان کی راہ نمائی کی گئی۔ ۲۷ اور ۲۸ دسمبر ۱۹۸۱ء کو شیخوپورہ، گوجرانوالہ اور بعض دیگر جماعتوں کے احباب کے ساتھ ایک سوال وجواب کی محفل برپا ہوئی۔ جس میں محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب نے احباب کے سوالوں کے جوابات دیئے۔

سب سے قیمتی تحفہ

جلسہ سالانہ کا ایک نہایت قیمتی تحفہ جو احباب کرام کو ہر سال ملتا ہے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی سعادت حاصل کرنا ہے امسال بھی حسب معمول علی الصبح اور رات گئے تک اپنے پیارے آقا کی ملاقات کے پیاسے اپنی تشنگی دور کرتے رہے۔ دفتر پرائیویٹ سیکرٹری میں احباب کرام کی طویل قطاریں لگی رہیں اور جملہ احباب اپنے پیارے آقا کے رُخِ انور کی زیارت سے روحانی سرور اور لذت حاصل کرتے رہے مختلف جماعتوں کے احباب نے ایک منظم اور مربوط پروگرام کے تحت حضور انور سے ملاقات کی سعادت حاصل کی

وفات یافتہ موصیان کے ناموں کا اعلان

جلسہ سالانہ کے آخری روز آخری اجلاس شروع ہونے سے ذرا پہلے اسٹیج سے ان موصیانِ کرام کے ناموں کا اعلان کیا گیا جو دورانِ سال وفات پا گئے ہیں۔ احباب سے درخواست کی گئی کہ وہ ان سب احباب کی مغفرت اور ترقیٔ درجات کے لئے دُعائیں کریں۔ یہ اعلان سیدنا حضرت اقدس کے اس ارشاد کی تعمیل میں کیا گیا کہ جلسہ سالانہ کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ سال کے دوران جو دوست احباب وفات پا جائیں۔ اس جلسہ کے موقع پر ان کی مغفرت کے لئے دُعا کی جائے۔ چنانچہ وفات پا کر بہشتی مقبرہ میں مدفون ہونے والے احباب وخواتین کے نام پڑھ کر سنائے گئے۔

ربوہ کی سڑکوں گلیوں، محلوں گھروں اور بازاروں کو جلسہ سالانہ کے موقع پر خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ جگہ جگہ خوبصورت گیٹ لگائے گئے تھے۔

جن پر حضرت اقدس کے الہامات، جماعت احمدیہ کے نعرے، کلمہ طیبہ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کے علاوہ دیگر دعائیہ اور خیر مقدمی کلمات درج تھے۔ بہت سے گیٹوں پر لا الہ الا اللہ کے مبارک کلمات بھی لکھے ہوئے تھے۔

دوکانداروں نے احباب کی کثرت سے آمد کے پیشِ نظر قابلِ فروخت اشیاء کا بہت بڑا ذخیرہ اکٹھا کیا ہوا تھا۔ تاکہ معزز مہمانوں کو کسی چیز کی کمی محسوس نہ ہو۔ عارضی ہوٹل بھی بڑی تعداد میں لگائے گئے تھے۔

اس کے علاوہ مسجد مہدی سے ملحقہ گراؤنڈ میں عارضی دکانوں کا ایک پورا بازار لگایا گیا تھا جس میں قسما قسم کی قابلِ فروخت اشیاء رکھی گئی تھیں۔

اس جلسہ سالانہ کی ساری کارروائی رنگین متحرک فلم کے وڈیو کیسٹ پر بھی محفوظ کی گئی۔ اس سلسلے میں مجلس خدام الاحمدیہ کے شعبہ خدمتِ خلق کے تحت تین کارکنوں پر مشتمل ایک ٹیم نے کام کیا۔ ان میں مکرم ملک طارق حبیب صاحب مکرم ملک نسیم احمد صاحب اور مکرم صلاح الدین ایوبی صاحب شامل تھے۔ انہوں نے حضور انور کی آمد و روانگی، خطابات، دیگر علمائے کرام کی تقاریر، سامعینِ کرام کی تصاویر کے علاوہ ممالک بیرون سے آئے ہوئے مہمانوں کے انٹرویو بھی فلم بند کئے اس کے علاوہ لنگر خانوں کے انتظامات ڈیوٹیوں، سڑکوں پر احباب کی آمد و رفت اور ٹریفک کے ازدحام اور گہما گہمی کی بھی فلم بنائی گئی۔ اس ٹیم کے علاوہ امریکہ سے آنے والے وفد کے ہمراہ بھی ایک کیمرہ مین آئے۔ جنہوں نے جدید ترین رنگین کیمرہ کے ذریعے کارروائی کو کیسٹ پر محفوظ کر لیا۔ ان کے علاوہ ایک افریقی ملک نے بھی اپنے خرچ پر جلسہ سالانہ کی کارروائی ریکارڈ کرنے کے لئے ایک کیمرہ مین بھیجا۔

اس طرح سے اللہ تعالیٰ کے انتہائی فضلوں، رحمتوں اور برکتوں کا مشاہدہ کرانے کے بعد یہ تین روزہ بابرکت اور باسعادت ایام اپنے اختتام کو پہنچ گئے۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ علیٰ ذالک۔

گھوڑ دوڑ ٹورنامنٹ ۱۹۸۲ء

امسال بھی انشاء اللہ تعالیٰ گھوڑ دوڑ ٹورنامنٹ پچھلے سالوں کی طرح فروری ۱۹۸۲ء کے آخری ہفتے میں مرکزِ سلسلہ ربوہ میں منعقد ہوگا۔ ہر دیہاتی جماعت سے کم از کم ایک گھوڑا ٹورنامنٹ میں شامل ہونا چاہیئے۔ تمام سوار اس بات کا خیال رکھیں کہ گھوڑا یا گھوڑی کا مالک احمدی ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اس ٹورنامنٹ کا مقصد صرف گھوڑوں کی سواری کو فروغ دینا نہیں بلکہ گھوڑے پالنے کی تحریک کرنا ہے۔

اس ٹورنامنٹ میں علاوہ اور مقابلوں کے اس سال کراس کنٹری دوڑ ۲ میل کی بجائے ۳ میل رکھنے کا خیال ہے۔ یاد رہے کہ ہمیں حضور انور ایدہ اللہ کا وہ ارشاد پورا کرنا ہے جس میں حضور نے فرمایا تھا کہ ہر احمدی سوار کو اس قابل ہونا چاہیئے اور اپنے گھوڑے کو بھی اس قابل بنانا چاہیئے کہ وہ بغیر رُکے مسلسل ۷۰ میل تک گھوڑا دوڑا سکے۔ اسی کی تیاری کے لئے امسال ۲۰ میل کی بجائے ۳۰ میل کی دوڑ رکھی گئی ہے۔

سوار ابھی سے اس کی تیاری شروع کر دیں

(مہتمم صحت جسمانی مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ

ایک عہد کی تجدید

سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ مل کر ہم نے اس عہد کی تجدید کی تھی اور کرتے رہتے ہیں:-

"ہم دین اور دین کے مصالح کو دنیا اور اس کے سب سامانوں اور اس کی ثروت اور وجاہت پر ہر حال میں مقدم رکھیں گے، اور دُنیا میں دین کی سربلندی کے لئے مقدور بھر کوشش کریں گے۔"

صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبہ بھی حضور نے دینِ حضرت خاتم الانبیاء کی سربلندی اور غلبہ کے لئے جاری فرمایا ہے جس کے شیریں ثمرات آپ کے سامنے ہیں اور محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان میں ہر آن اضافہ ہو رہا ہے۔ اس مبارک تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے مالی قربانیاں جاری رکھ کر عند اللہ ماجور ہو جائیے۔ جزاکم اللہ خیراً

(سیکرٹری صد سالہ احمدیہ جوبلی فنڈ)

انصار اللہ اور سادہ زندگی

جیسا کہ انصار اللہ کو معلوم ہے کہ تحریک جدید کے مالی جہاد کو مضبوط سے مضبوط تر کرنے کیلئے ہمارے محبوب آقا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خاص طور پر انصار اللہ کو مکلف فرمایا ہوا ہے لہٰذا ہماری زندگی کا اصل مقصد یہ ہے کہ دین [illegible] کے جھنڈے کو دنیا کے کونے کونے میں گاڑ کر رہیں گے اس اہم فریضہ کے لئے ایک منظم طریق پر کوشش جاری رکھی جائے اسی سلسلہ میں حضرت مصلح موعود نے فرمایا تھا یہ زمانہ دین کے لئے قربانیوں کا زمانہ ہے ہمیں چاہیئے کہ دین کی خاطر قربانی کرنے کی غرض سے جائز خواہشات کو بھی جہاں تک چھوڑ سکیں چھوڑ دیں آپ نے فرمایا جن لوگوں کے دلوں میں دین کی خدمت کا احساس ہے وہ اپنی زندگیاں سادہ بنائیں (رسالہ سادہ زندگی)

انصار بھائیوں کو چاہیئے کہ حضور کا یہ ارشاد ہر احمدی گھرانے تک پہنچائیں۔ تاکہ سادہ زندگی اختیار کر کے جماعت میں زیادہ سے زیادہ اہلیت پیدا ہو۔

(قائد تحریک جدید انصار اللہ مرکزیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

درخواست دعا

عاجز کے والد محترم چوہدری محمد اسلم صاحب ایک طویل عرصہ سے مختلف عوارض سے علیل ہیں۔ حساس اور کمزور اعصابی کے باعث ہر معمولی واقعہ بھی طبیعت پر اثر انداز ہوتا ہے جس سے صحت و طبیعت بڑی متلون ہوگئی ہے۔ بڑی پریشانی و اضطراب کا سامنا ہے۔ دیگر کئی ایک پریشانیاں لاحق ہیں۔
احباب جماعت سے ان کی کامل شفایابی اور جملہ پریشانیوں سے نجات کے لئے عاجزانہ درخواستِ دعا ہے۔

(نعیم احمد عابد ۶/۲۹ دارالرحمت شرقی ربوہ)

دعائے مغفرت

خاکسار کے چچازاد بھائی عبدالحمید میر المعروف ملک صاحب راہوالی ۴ دسمبر کو رات ۲ بجے دل کا دورہ پڑ جانے کی وجہ سے وفات پاگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

مرحوم بڑی خوبیوں کے مالک تھے اور اپنے علاقہ میں ہر ایک کی بے لوث خدمت کرنے میں ہر وقت مصروف رہتے تھے۔ تدفین بروز ہفتہ پونے چار بجے راہوالی میں ہوئی۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پس ماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

(محمد اکبر میر محلہ نور باوا۔ گلی ۶ گوجرانوالہ)

صف دوم معلمین کی گیارھویں کلاس

حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات فرمودہ ۲ جنوری ۱۹۷۲ء کی تعمیل میں اب پھر ۱۵ جنوری ۱۹۸۲ء سے سہ ماہی تربیتی کلاس کا اہتمام کیا جا رہا ہے یہ کلاس تین ماہ جاری رہے گی۔

اس تحریک کی اولین مخاطب ایسی جماعتیں ہیں جو تربیت کی زیادہ محتاج ہیں۔ اور معلمین کا مطالبہ کر رہی ہیں۔ وہ اپنے ایک ایک دو دو نمائندے ضرور اس کلاس کے لیے بھجوائیں تا ان کی ضرورت ایک حد تک پوری ہو سکے۔ اس کلاس میں شامل ہونے والے احباب آتے وقت اپنے مقامی پریذیڈنٹ کی تصدیق ساتھ لائیں۔ نیز موسم کے مطابق بستر بھی لائیں۔ قیام و طعام کا انتظام مرکز کے ذمہ ہوگا۔

امراء ضلع اور صدر صاحبان سے گذارش ہے کہ اس تحریک کو کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون فرمائیں۔ جزاکم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء۔

(ناظم ارشاد)

ماہنامہ مصباح کا حضرت سیدہ منصورہ بیگم نمبر

دسمبر، جنوری کے نمبروں پر مشتمل مصباح کا سالانہ نمبر شائع ہو چکا ہے۔ امید ہے کہ خریداروں کو پہنچ گیا ہوگا۔ یا عنقریب پہنچ جائیگا۔ انشاء اللہ۔

ماہ فروری کا پرچہ حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ نور اللہ مرقدہا کے مبارک ذکر اور آپ کے اوصاف حمیدہ کے تذکرہ پر مشتمل ہوگا۔

بہنیں جلد سے جلد اس نمبر کے لیے مضامین بھجوانے کی کوشش کریں۔ یہ مضامین آپ کی دینی خدمات اور زندگی کے اہم حالات و واقعات پر مشتمل ہونے چاہئیں۔

شعرائے کرام اس نمبر کے لیے جلد از جلد اپنی نظمیں بھی ارسال کر کے مصباح کی قلمی معاونت فرمائیں۔ مضامین اور نظمیں جلد از جلد مل جانے چاہئیں۔ شکریہ!

(امۃ اللطیف خورشید — مدیرہ مصباح ربوہ)

ماہنامہ خالد اور ماہنامہ تشحیذ الاذہان

کے باتصویر، خوبصورت اور قیمتی مضامین پر مشتمل سالانہ نمبر شائع ہو گئے ہیں
"خالد" کے سالانہ نمبر کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں حضرت سیدہ بیگم صاحبہ نور اللہ مرقدہا کے بارے میں خصوصی مضامین اور نظمیں شامل اشاعت ہیں

(مینیجر خالد و تشحیذ الاذہان)

اعلان دارالقضاء

مکرمہ آمنہ بیگم صاحبہ ۱۰/۱۳ انعام منزل دارالرحمت غربی ربوہ نے درخواست دی ہے کہ میرے خاوند مکرم شیخ محبوب الٰہی صاحب وفات پا گئے ہیں۔ قطعہ ۱۰/۱۳ محلہ دارالرحمت ربوہ رقبہ ایک کنال ۴ مرلہ صفحہ ف مرحوم کے نام الاٹ ہے۔ میرے علاوہ مرحوم کے درج ذیل وارثان بھی ہیں۔

۱۔ شیخ انعام الٰہی صاحب۔ ۲۔ امۃ الودود صاحبہ۔ ۳۔ رقیہ بیگم صاحبہ۔ ۴۔ امۃ الرؤف صاحبہ ۵۔ نگہت تبسم صاحبہ۔ ۶۔ نزہت تبسم صاحبہ۔

استدعا ہے کہ قطعہ مذکور ہم تمام وارثان میں بحصص شرعی منتقل کرنے کا فیصلہ صادر فرمائیں۔ اگر کسی وارث وغیرہ کو اس پر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم تک اطلاع دی جاوے۔

(ناظم دارالقضاء۔ ربوہ)

شکریہ احباب

میرے شوہر محترم عبدالحی صاحب ڈوگر بینک آفیسر یو۔بی۔ایل فیصل آباد ۱۱ اکتوبر ۱۹۸۱ء کو لاہور جی۔ٹی۔ایس کے اڈے پر دل کا شدید دورہ پڑنے سے وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

ان کی وفات کی خبر سن کر دوست احباب اور بہنیں کثیر تعداد میں ہمارے گھر آئے اور اپنے دلی خلوصِ غم اور جذبات کا اظہار کیا۔ ہماری ڈھارس بندھائی۔ بہت سے احباب نے خطوط کے ذریعہ تعزیت کا اظہار فرمایا۔ میں اس وقت ان خطوط کا الگ الگ جواب دینے سے قاصر ہوں۔ لہٰذا بذریعہ الفضل ان سب کرم فرماؤں کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزا عطا فرمائے۔ نیز درخواست دعا کرتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے نیز ان کے بوڑھے والد اور دو معصوم بچوں کا اور میرا خود حافظ و ناصر ہو اور ہمیں صبرِ جمیل پانے کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔

(بیگم عبدالحی ڈوگر مرحوم۔ محمد پورہ۔ فیصل آباد)

"یہ دنیا چند روزہ ہے لیکن اس کے لیے وہ وہ کوششیں کی جاتی ہیں گویا کبھی یہاں سے جانا ہی نہیں۔ انسان کیسا غافل اور ناسمجھ ہے کہ علانیہ دیکھتا ہے کہ یہاں کسی کو قیام نہیں لیکن پھر بھی اس کی آنکھ نہیں کھلتی۔"

(ملفوظات جلد ہشتم صفحہ ۱۴۱)

شالوں کی مشہور دکان
الفردوس شال ہاؤس
۸۵۔ انارکلی لاہور
الفردوس شال ہاؤس
لاہور فون ۳۲۴۴۴۸

کیا آپ
چندہ عام، حصہ آمد
چندہ جلسہ سالانہ
ادا
فرما چکے ہیں؟

پلاٹ برائے فروخت
ملتان یونیورسٹی و گورنمنٹ کالج ملتان کے عین وسط میں
ایک کنال و دس دس مرلہ کے سکنی پلاٹ
فروخت کے لئے موجود ہیں۔ پلاٹوں کے درمیان جملہ سڑکیں ۳۰۔۳۰ فٹ چوڑی ہیں۔
رابطہ کیلئے مندرجہ ذیل پتہ پر رجوع فرمائیں
بشیر احمد ۵۶۸-ج گلگشت کالونی ملتان

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اعلان نکاح

• خاکسار کے بیٹے عزیزم مکرم خلیل محمد خان صاحب سلمہٗ کا نکاح ہمراہ مکرمہ عائشہ قانتہ صاحبہ بنت برادرم خان عبدالمنان خان صاحب مفتی دارالرحمت وسطی ربوہ مبلغ سات ہزار روپے حق مہر پر محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب نے بمورخہ ۲۷ دسمبر ۱۹۸۱ء دفتر جلسہ سالانہ میں واقع مسجد میں بعد از نماز مغرب و عشاء پڑھا۔

احباب کرام دعا فرماویں کہ خدا تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے ہر جہت سے بابرکت فرماوے آمین

(فتح محمد خان - دارالنصر غربی - ربوہ)

• میرے چھوٹے بھائی ملک مسعود احمد ولد ملک عصمت اللہ مرحوم حال مقیم ٹورانٹو کینیڈا کا نکاح محترمہ حامۃ البشریٰ بنت ملک حمید اللہ صاحب آف ندیم آباد ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کیساتھ بعوض مبلغ ۳۰،۰۰۰/ روپے بمقام ربوہ بمورخہ ۲۵ دسمبر ۱۹۸۱ء مکرم ملک محمد عبداللہ صاحب نے برمکان ملک عبدالرب صاحب ۲۸/ دارالرحمت غربی ربوہ پڑھا۔ احباب کرام سے التماس ہے کہ وہ اس نکاح کے جانبین اور احمدیت کے لئے بابرکت ہونے کی دعا فرمائیں۔

(ملک محمد احمد طاہر ۱۴۴۲ لارنس ایونیو ویسٹ ٹورانٹو کینیڈا)

• میرے بیٹے عزیزم چوہدری محمد آفتاب باجوہ آفیسر یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ ضلع مظفر گڑھ کا نکاح ہمراہ عزیزہ بشریٰ ناصر سلمہا بنت مکرم چوہدری ناصر احمد خان صاحب آف ودلم کاہلواں ضلع سیالکوٹ بعوض مبلغ ۲۵،۰۰۰/ روپے حق مہر پر مکرم شیخ مبارک احمد صاحب امام مسجد لنڈن نے مورخہ ۲۶/۱۲/۸۱ بعد نماز فجر کے بعد مسجد انوار دارالصدر غربی میں پڑھا۔

احباب سے درخواست ہے کہ وہ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ فریقین کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت فرماوے۔

(چوہدری غلام حسین باجوہ ۲۴/۱۰ محصیل خانیوال ضلع ملتان)

"ہزاروں درود اور سلام اور رحمتیں اور برکتیں اُس پاک نبی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوں جس کے ذریعہ سے ہم نے وہ زندہ خدا پایا۔"

(نسیم دعوت ص۱)

کیوریٹو سلور جوبلی کی خوشی میں
کیوریٹو میڈیسنز پر ڈبل بونس
سکیم ۳۱ دسمبر تک کے آرڈرز کیلئے بڑھا دی گئی ہے۔
◉ یکم جنوری ۸۲ء سے اکسیر رانی کھیت
۲/۵۰ کی بجائے ۳/ ٹیوب، ۲۰ غرارے کا انجکشن ۲/ کی بجائے ۲/۵۰
حیوانات کی اکسیرات ۲/ کی بجائے ۲/۵۰ پیکٹ
پائلز کیور سمیت ۱۴۰ CURES فی کیور ۱۵/۔ لٹریچر فری
کیوریٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ پاکستان ربوہ فون ۶۶

ایک احمدی عورت جس کی عمر ۴۰ سال تک یا اس سے زائد ہو۔ بچے سنبھالنے اور گھر کے کام میں ہاتھ بٹانے کے قابل ہو اور شکاگو (امریکہ) میں رہائش کیلئے تیار ہو۔ کی ضرورت ہے۔ تنخواہ مناسب دی جائے گی۔ اور کرایہ وغیرہ کا انتظام بھی ہمارا ہوگا
جلسہ کے دنوں میں اگر ملاقات کی خواہشمند ہو تو گوندل کواکری سٹور گولبازار ربوہ میں بیگم ڈاکٹر بشیر احمد صاحب سے رابطہ قائم کریں
خط و کتابت مندرجہ ذیل پتہ پر کی جاسکتی ہے
بیگم ڈاکٹر بشیر احمد ۲۷/A سید جمال الدین افغانی روڈ
یونیورسٹی ٹاؤن پشاور

آپ کو معلوم ہو چکا ہے کہ
حضرت حکیم نظام جان رح کے
دواخانہ کا نام اب
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
ہو چکا ہے خط و کتابت کے لئے اب اتنا پتہ کافی ہے
حکیم عبدالحمید مشہور دواخانہ
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ ۱۹۰
گوجرانوالہ فون ۷۴۸۴۴ ربوہ فون ۶۳۸

"الفضل"
آپ کا واحد جماعتی روزنامہ ہے اس کی اشاعت بڑھکر اور اس میں اشتہار بھجوا کر ادارہ سے تعاون کیجئے!
(منیجر "الفضل" ربوہ)

لاہور میں مکمل ڈویلپمنٹ سے آراستہ گل ہاؤسنگ پراجیکٹ کی عظیم تخلیق

لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے
این۔او۔سی
بذریعہ نمبر CMP 194/S/LDA/136
مورخہ ۱۲ جنوری ۸۱ء

سنی پارک



نقد و آسان قسطوں پر

اپنے احباب کیلئے مخصوص بلاک اور خاص رعایت

محل وقوع سنی پارک لاتعداد سرکاری و غیر سرکاری رہائشی سکیموں کے مرکز میں واقع نہر کے قریب نیو کیمپس سے ۲ کلومیٹر کے فاصلہ پر (نقشہ محل وقوع ملاحظہ فرمائیں)

خصوصیات :- سنی پارک تمام جھگڑوں اور پیچیدگیوں سے پاک صاف ہے جہاں کوئی بھی پاکستانی اپنے ذوق کیمطابق اپنا گھر تعمیر کر سکتا ہے۔ ہر وقت چھوٹی بڑی ٹرانسپورٹ میسر ہے جس کے ذریعہ آپ شہر کے مرکزی علاقوں تک باآسانی پہنچ سکتے ہیں علاوہ ازیں لاہور کے اہم تعلیمی و طبی ادارے میڈیکل کالج، ہیلی کالج و لاء کالج و نیو کیمپس یونیورسٹی، سکولز اور شیخ زید بن ہسپتال تھوڑے فاصلہ پر ہیں۔ اس میں جدید تقاضوں کے مطابق عوام کی سہولت کیلئے چلڈرن پارک، ہائی کلاس درسگاہ، ہسپتال، پوسٹ آفس شہر خموشاں، مساجد، کمیونٹی سنٹر، شاپنگ مرکز، ہر بلاک میں کمرشل پلاٹس کی سہولتیں میسر ہیں۔

پلاننگ :- ہم نے سنی پارک کی منصوبہ بندی جدید تقاضوں کیمطابق کی ہے۔ ماحول کو صاف ستھرا اور پرسکون بنانے کیلئے مشرقی و مغربی طرز معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے ۷ مرلے، ۱۰ مرلے اور ایک ایک کنال کے لاتعداد رہائشی و کمرشل پلاٹس بنائے گئے ہیں

ترقیاتی کام :- سنی پارک کے ترقیاتی کاموں میں نقشوں کی فنی تصریحات کیمطابق سڑکوں کو پختہ کرنا، بجلی و پانی کی بہم رسانی و نکاسی آب کے انتظامات کے علاوہ تفریحی پارکوں اور کھیل کے میدانوں کو آراستہ کرنا اور سڑکوں کو پُررونق بنانے کیلئے سٹریٹ لائٹس کا انتظام شامل ہے جنہیں جدید فن تعمیر اور دورِ حاضر کے تقاضوں کیمطابق ہم آہنگ کیا جائے گا

پلاٹوں کی قسمیں اور قیمتیں :- سنی پارک میں عوام کی سہولت کے لئے چار اقسام کے پلاٹس بنائے گئے ہیں
عام رہائشی پلاٹ :- ۱۸۰۰/ روپے فی مرلہ
مخصوص رہائشی پلاٹ :- ۲۰۰۰/ فی مرلہ - ڈیلکس رہائشی پلاٹ ۲۸۰۰/ فی مرلہ - تجارتی پلاٹ ۵۰۰۰/ فی مرلہ
ترقیاتی اخراجات ان قیمتوں میں شامل نہیں قسطوں کی صورت میں ۲۰۰/ فی مرلہ زائد

طریقہ حصول پلاٹ :- پلاٹ کی کل قیمت کا ۱/۲ حصہ زر بیعانہ دفتر میں جمع کروا کر رسید اور الاٹمنٹ سرٹیفکیٹ حاصل کریں اور بقایا رقم ۴۵ یوم میں ادا کر کے رجسٹری کروالیں۔

اقساط :- پلاٹ کی کل قیمت کا ۱/۲ حصہ زر بیعانہ دفتر میں جمع کروا کر رسید اور الاٹمنٹ سرٹیفکیٹ حاصل کریں بقایا رقم ایک سال کی برابر اقساط میں ادا کر کے رجسٹری کروالیں **پلاٹ کا قبضہ** - نقدی کی صورت میں زر بیعانہ ۱/۲ حصہ اور اقساط کی صورت میں ۱/۲ حصہ ادا کر کے قبضہ حاصل کریں (قبضہ لے کر مکان تعمیر کر سکتے ہیں)

قرضے کی سہولت :- مکان تعمیر کرنے کے لئے مکانات کی مالیاتی کارپوریشن سے آسان قسطوں پر واپسی کی بنیاد پر قرضہ لیا جاسکتا ہے) **اسپیشل رعایت** - شہداء کے ورثاء - بیواؤں - فوجی و پولیس ملازمین - ریٹائرڈ ملازمین سرکاری ملازمین - ادیبوں - صحافیوں اور دانشوروں کیلئے اسپیشل رعایت۔

(آفس جمعہ کو بھی صبح نو بجے سے شام چھ بجے تک کھلا رہتا ہے) پراسپیکٹس حاصل کریں۔

پراسپیکٹس ڈاک کے ذریعے بھی منگوایا جاسکتا ہے

تفصیلات کے لئے :- گل ہاؤسنگ پراجیکٹ آرکیٹیکٹ۔ انجینئرز۔ کنسلٹنٹس اینڈ اسٹیٹ ایڈوائزرز ۷۔ کامران اپارٹمنٹس فیروزپور روڈ اچھرہ لاہور فون ۴۱۹۹۷۶